بسم اللہ الرحمن الرحیم

من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین

العطایا الاحمدیہ فی فتاوی نعیمیہ

مصنفہ

مفتی دار العلوم غوثیہ نعیمیہ و شیخ الحدیث
صاحبزادہ اقتدار احمد خان نعیمی قادری بدایونی

ناشر: نعیمی کتب خانہ گجرات
مفتی احمد یار خان روڈ، گجرات۔ پاکستان۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین

مجموعہ

العطایا الاحمدیہ فی فتاویٰ نعیمیہ

سنہ ۱۳۹۶ھ و سنہ ۱۹۷۶ء

جلد پنجم

مصنفہ

مفتی دار العلوم غوثیہ نعیمیہ و شیخ الحدیث

صاحبزادہ اقتدار احمد خان نعیمی قادری بدایونی

ملنے کا پتہ نعیمی کتب خانہ گجرات

نام کتاب	العطایا الاحمدیہ فی فتاویٰ نعیمیہ (جلد پنجم)
مصنف	صاحبزادہ مفتی اقتدار احمد خان نعیمی
ناشر	نعیمی کتب خانہ مفتی احمد یار خان روڈ، گجرات
تعداد	گیارہ سو

تقسیم کار

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا گنج بخش روڈ، لاہور۔ فون:۔ 7221953

فیکس:۔ 7238010

متعلق کچھ جان لینے کا تصور بھی نہ تھا نہ کسی طرف سے آجکل کی ایسی ابلیسی تخریب کاری کا کوئی اندیشہ تھا پھر یہ فرمان نبوت جاری ہونا یقیناً قریب قیامت پندرہویں صدی کے شیطان صفت لیڈروں کی جانب ہی اشارہ تھا چشم نور نبوت کو معلوم تھا کہ قریب قیامت ایسے لوگ پیدا ہونگے جو ہر بہانے سے عبادات الٰہیہ کو برباد کرینگے۔ ہم نے رویت ہلال کے شرعی ضابطوں سے متعلق مکمل و مدلل فتویٰ شائع کئے ہیں جن میں سے چند پہلی اور چوتھی جلد میں اور ایک اسی جلد پنجم میں ہے وہاں صحیح حل تلاش کیا جائے۔ بہرحال منہاج والوں کا یہ کردار وعمل بھی اسلام کے خلاف اور سراسر گمراہی اور باعث عذاب الیم ہے۔

سائلین کے پانچویں مسئلے کا جواب

پروفیسر طاہر القادری اور انکے ائمہ تمام باطل فرقوں کو اچھا سمجھتے ہیں اور برحق مانتے ہیں اسی لئے ہر باطل امام کے پیچھے نماز پڑھ لیتے ہیں۔ اگرچہ وہ باطل ان سے نفرت کرتے ہوئے ان کے پیچھے نماز نہیں پڑھتے اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ آقاء کائنات حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے کہ میری امت میں بہتر فرقہ ہوں گے سب جہنمی ہیں سواء ایک کے۔ چنانچہ۔ ابن ماجہ شریف صفحہ ۲۸۷ پر ہے۔ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ وَلِيْدِ بِنْ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِىْ عَمْرٍو عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ قَالَ۔ قَالَ رَسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ اِنَّ بَنِىْ اِسْرَائِيْلَ اِفْتَرَقَتْ عَلٰى اَحَدٍ وَّ سَبْعِيْنَ وَ اِنَّ اُمَّتِىْ سَتَفْتَرِقُ عَلٰى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً كُلُّهَا فِى النَّارِ اِلَّا وَاحِدَه یہاں اسی صفحے پر پہلی حدیث مقدس بروایت عوف ابن مالک ہے۔ سَتَفْتَرِقُ اُمَّتِىْ عَلٰى ثَلَاثٍ وَّ سَبْعِيْنَ فِرْقَةً فَوَاحِدَةٌ فِى الْجَنَّةِ وَثِنْتَانِ وَ سَبْعُوْنَ فِى النَّارِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ قَالَ هِىَ الْجَمَاعَةُ۔ ترجمہ روایت ہے حضرت انس ابن مالک اور حضرت عوف ابن مالک سے انہوں نے فرمایا کہ۔ فرمایا آقا ﷺ نے کہ بنی اسرائیل اکہتر ۷۱ فرقوں میں بٹ گئے تھے لیکن میری امت بہتر ۷۲ اور تہتر ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہوگی تمام فرقے جہنمی ہونگے سوائے ایک کہ وہ جنتی ہوگا۔ پوچھا گیا وہ ایک جنتی فرقہ کونسا ہے فرمایا آقا ﷺ نے وہ اہلسنت والجماعت ہے۔ اب اندازہ لگایئے کہ ان لوگوں کا کتنا بڑا ظلم عظیم ہے اپنی جانوں پر کہ چشمہ علم وحکمة کی زبان اقدس تو كُلُّهُمْ فِى النَّارِ۔ فرمائے مگر ان کی زبان جہالت کہے کہ كُلُّهُمْ عَلَى الْحَقِّ یعنی سب فرقے اچھے اور حق پر ہیں۔ گویا کہ کھلم کھلا نبی ﷺ کی بات کو توڑنا اور سراسر مخالفت نبوی کرنا ہے۔ مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے منہاجیوں کی اس کفریہ حرکت کی تحقیق ہم نے خود ان سے خط وکتابت کے علاوہ دیگر ذرائع سے بھی حتی الامکان کر لی پھر یہ جواب لکھا ہے۔ مجھے سائلین کی طرف سے پروفیسر کی تحاریر اور وڈیو کیسٹیں بھی دکھائی گئیں جس سے ثابت وعیاں ہوا کہ ان لوگوں کا مسلک یہی ہے کہ ہر باطل فرقہ اچھا اور درست ہے۔ خود پروفیسر صاحب کی طرف سے معذرتی خطوط شائع کئے گئے جن میں علماء حق کی گرفت سے بچنے کیلئے توڑ موڑ کی گئی ہے۔